# حل شدہ مشقیں

# واقفیتِ عامہ

# برائے جماعت سوم

# باب ۱

## جان داروں کی رہائش گاہیں

۳۔ درست جواب کا انتخاب کیجیے۔

۱۔ () جنگل

۲۔ (ا) ماحول

۳۔ (ا) میدان

۴۔ (ج) اونٹ

۵۔ (ب) صحرائی

۴۔ مختصر جواب دیجیے۔

۱۔ جان داروں کو زندگی برقرار رکھنے کے لیے روشنی، حرارت، اور خوراک کے علاوہ رہنے کے لیے مناسب جگہ کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔ جان داروں کے رہنے کی جگہ ان کا مسکن کہلاتی ہے۔ جان داروں کا اپنے مسکن میں زندگی گزارنا رہائش کہلاتا ہے۔ رہائش وہ قدرتی ماحول ہے جہاں جان دار اپنی زندگی گزارتے ہیں اور اپنی ضروریات کو پورا کرتے ہیں۔

۲۔ مطابقت: ایسی خصوصیات جو جانداروں کو اُن کے ماحول کے مطابق ڈھالنے اور زندگی گزارنے میں مدد دیتی ہیں مطابقت کہلاتی ہیں۔مختلف جانور اور پودے مختلف طرح اپنے ماحول سے مطابقت رکھتے ہیں۔

۳۔ انسانی عوامل کے ماحول پر اثرات

انسانی سرگرمیوں کا ماحول پر نمایاں اثر پڑتا ہے، اور ایسی تبدیلیاں آتی ہیں جو بعد ازاں ہر شخص پر اثر انداز ہوتی ہیں۔ مثلاً : کہ رہائشی ضروریات اور لکڑی کے حصول کے لیے جنگلات کاٹ دیے جاتے ہیں۔ اس وجہ سے جانوروں اور پودوں کی قریباً ۲۰۰ سے زیادہ اقسام ناپیدا ہو چکی ہیں۔جس کی وجہ سے پودے اور جانور قدرتی مسکن سے محروم ہو رہے ہیں۔ جنگات کی کٹاؤ کی وجہ سے آکسیجن کے ذخائر میں قریبا ۱۰ ارب ٹن کی کمی واقع ہوئی ہے۔ اس کے علاوہ بھی بہت سے مسائل شامل ہیں۔ مثلاً:

☆گلوبل وارمنگ ☆ اوزون پرت کی تباہی ☆ سمندروں کی آلودگی ☆ تازہ پانی کی کمی ☆ مٹی کا کٹاؤ

☆ قدرتی وسائل اور معدنیات کی کمی

۴۔ صحرائی پودوں میں کم پانی میں زندہ رہنے کی صلاحیت موجود ہوتی ہے۔صحرا میں اُگنے والے پودے

زیادہ تر خاردار یا نوکیلے ہوتے ہیں۔ مثلاً: کیکٹس ۔

۵۔ اونٹ کی کوہان میں چربی محفوظ ہوتی ہے۔جس کو توانائی کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ ان کے بڑے اور چپٹے پاؤں انھیں ریت پر بآسانی چلنے میں مدد دیتے ہیں۔ اونٹوں کی لمبی پلکیں ریت کے ذرات کو اُن کی آنکھوں میں داخل ہونے سے بچاؤ میں مدد فراہم کرتی ہیں۔

۵۔ دی گئی تصاویر کو سامنے رکھتے ہوئے مسکن کی قسم خالی جگہ میں تحریر کریں۔

ساحلی علاقہ جنگل صحرا

قطبی مسکن سمندر (تالاب) آبی مسکن

# باب ۲

## جان دار اجسام میں تبدیلیاں

۳۔ خالی جگہ پر کیجیے۔

ا۔ پانچ

۲۔ پتوں

۳۔ کیٹر پلر

۴۔ تتلی

۴۔ صحیح جواب منتخب کر کے خالی جگہوں کو پر کریں۔

ا۔ پانچ

۲۔ لاروا

۳۔ گلپھڑے

۴۔ افزائش

۵۔ درج ذیل سوالات کے جوابات اپنی کاپی میں لکھیں۔

ا۔ تمام جان دار اپنی زندگی میں پیدائش سے لے کر موت تک کئی طرح کی تبدیلیوں سے گزرتے ہیں۔ پودوں اور جانوروں کا پیدائش سے لے کر اپنے جیسے جان دار پیدا کرنے تک کا وقفہ دورِ حیات کہلاتا ہے۔ پودوں اور جانوروں کے دور حیات کے مختلف مراحل ہوتے ہیں۔

۲+۳۔ (دونوں کا جواب ایک ہی ہے)

زیادہ تر پودے اپنی زندگی ایک بیج سے شروع کرتے ہیں۔ بیج پھر ایک چھوٹے سے پودے میں تبدیل ہوتا ہے اور آخر کار مضبوط پودا بن جاتا ہے۔ وہ عمل جس کے ذریعے ایک بیج ایک نئے پودے میں تبدیل ہوتا ہے، اسے نمود کہتے ہیں۔

پودے کی زندگی کا دورِ حیات

۱۔ بیج مٹی سے پانی اور غذائیت حاصل کرتا ہے۔

۲۔ جڑ بیج کے اندر سے نکلتی ہے اور نیچے کی طرف بڑھتی ہے۔

۳۔ بعد ازاں یہ مٹی میں مل کر ایک نئے پودے کے طور پر اُبھرتا ہے۔

۴۔ تنا اور پودے نشوونما پاتے ہیں، پتے پودے کے یے خوراک بناتے ہیں جبکہ تنا پودے کے دوسرے حصّوں اور جڑ کو پانی اور نمکیات فراہم کرتا ہے۔

۵۔ کچھ دنوں بعد پودے پر نئے پھول اُگتے ہیں۔

۶۔ پھول کے اندر بیج تیار ہوتے ہیں جن سے دوبارہ ایک نیا پودا اُگتا ہے۔

۴۔ جی نہیں، کچھ جانوروں کی زندگی انڈے سے شروع ہوتی ہے اور کچھ بچوں کو جنم دیتے ہیں۔

# باب ۳

## سورج

۳۔ درست جواب کا انتخاب کیجیے۔

۱۔ (ا) مغرب

۲۔ (ب) مشرق

۳۔ (ج) وقت

۴۔ (ا) مغرب

۵۔ (ج) کمپاس

۴۔ درج ذیل سوالات کے جوابات اپنی کاپی میں لکھیں۔

۱۔ جب سورج کی شعاعوں کی روشنی کے راستے میں کوئی جسم آجاتا ہے تو اس جسم کا سایہ بن جاتا ہے۔

۲۔ وقت کا تعین کرنے کے لیے ہم قطب نما کی مدد لے سکتے ہیں۔

۳۔ سایہ سورج کی شعاعوں کی روشنی کے راستے میں کسی جسم کے آجانے کی وجہ سے بنتا ہے اور زمین

سورج کے گرد چکر لگاتی ہے جو حصہ سورج کے سامنے ہوتا ہے سایہ وہاں پر ہی بن سکتا ہے۔

۴۔ مشرق، مغرب، شمال، جنوب

# باب ۴

## مادہ

۳۔ خالی جگہ پر کیجیے۔

۱۔ مادہ

۲۔ کمیت

۳۔ گیس

۴۔ اینٹ

۵۔ آکسیجن

۴۔ مختصر جواب دیجیے۔

۱۔ ہر وہ چیز جو جگہ گھیرتی ہے اور وزن رکھتی ہے، مادّہ کہلاتی ہے۔ مثلاً: پتھر، پانی، ہوا وغیرہ۔

۲۔ مادہ کی حالتیں

مادہ بنیادی طور پر کی تین مختلف حالتیں ہیں:

ٹھوس

ٹھوس حالت میں ذرات مضبوطی سے جُڑے ہوتے ہیں۔ اس لیے ٹھوس اشیا کی مخصوص شکل بھی ہوتی ہے اور یہ سخت ہوتی ہیں۔ ٹھوس اشیا کی مثالیں ہیں: سونا، پتھر، اینٹیں، ہیرا، چٹانیں، گلاس اور لکڑی وغیرہ۔

مائع

مائع حالت میں ذرات اتنی مضبوطی سے نہیں جڑے ہوتے ہیں جیسے ٹھوس حالت میں جڑے ہوتے ہیں۔ یہ ذرّات بے ترتیب حالت میں ہوتے ہیں۔ مثلا: دودھ، پانی، شہد اور تیل وغیرہ۔

گیس

گیس کی حالت میں ذرات ایک دوسرے سے بہت دور ہوتے ہیں اور آسانی سے حرکت کر سکتے ہیں۔ اس لیے گیس کی اپنی کوئی شکل نہیں ہوتی۔

۳۔ گرم کرنے پر ٹھوس اشیا پگھل کر نرم ہو جاتی ہیں۔ مائع اشیا اُبل کر بھاپ کی شکل اختیار کر لیتی ہیں اور گیس گرم ہو کر فضا میں پھیل جاتی ہے۔

۴۔ زندگی کے لیے آکسیجن بہت ضروری ہوتی ہے۔ تمام جانداروں کو سانس لینے کے لیے آکسیجن کی ضرورت ہوتی ہے۔ آکسیجن بہت سے دوسرے کاموں میں بھی استعمال کی جاتی ہے۔ مثال کے طور پر اسے جلانے کے لیے استعمال کرتے ہیں اور راکٹ میں ایندھن کے طور پر بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

آکسیجن بہت سے دوسرے کاموں میں بھی استعمال کی جاتی ہے۔ مثال کے طور پر اسے جلانے کے لیے استعمال کرتے ہیں اور راکٹ میں ایندھن کے طور پر بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

## باب ۵

# توانائی اور اس کے ذرائع

۳۔ خالی جگہ پر کریں۔

ا۔ توانائی کے ذرائع

۲۔ مستقل

۳۔ زمین حرارت

۴۔ توانائی

۴۔ درج ذیل سوالات کے جوابات اپنی کاپی میں لکھیں۔

ا۔

☆ ذرائع آمدورفت کو چلانے کے لیے

☆ فریج، استری وغیرہ کو چلانے کے لیے

☆ کھانا پکانے کے لیے

☆ گھروں کو گرم رکھنے کے لیے

☆ عمارات کو روشن کرنے کے لیے

۲۔ پودے توانائی خوراک اور سورج کی حرارت سے حاصل کرتے ہیں۔ جانور اور انسان خوراک، سورج، پانی اور ہوا سے توانائی حاصل کرتے ہیں جبکہ غیر جان دار چیزیں شمسی توانائی، برقی توانائی، ہوا کی توانائی اور پانی کی توانائی سے چلتی ہیں۔

۳۔ شمسی توانائی

وہ توانائی جو ہم سورج سے حاصل کرتے ہیں اس کو شمسی توانائی کہتے ہیں۔ زمین پر موجود جان داروں کے لیے سورج توانائی کا بہت بڑا ذریعہ ہے۔ پودے یہ توانائی اپنی خوراک بنانے کے لیے استعمال کرتے ہیں جبکہ انسان اور جانور خوراک کے لیے پودوں پر انحصار کرتے ہیں۔ شمسی توانائی کو شمسی بتیوں، شمسی کولر اور چھوٹی چھوٹی شمسی مصنوعات میں استعمال کیا جاتا ہے۔

ہوا کی توانائی

وہ توانائی جو ہوا سے حاصل کرتے ہیں اسے ہوا کی توانائی کہا جاتا ہے۔ انسان صدیوں سے بحری جہاز اور کشتیاں ہوا کے ذریعے چلاتا رہا ہے۔ اس طرح کسان ہوائی چکیوں کو استعمال کر کے زمین سے پانی کھینچتے ہیں۔ موجودہ دور میں ہوا کی توانائی بجلی پیدا کرنے کے کام آتی ہے۔

پانی کی توانائی

وہ توانائی جو ہم پانی سے اصل کرتے ہیں اُسے پانی کی توانائی کہا جاتا ہے۔ ڈیمز کو اونچائی پر پانی اکٹھا کرنے کے لیے تعمیر کیا جاتا ہے۔ ڈیمز میں پانی کو روکنے کے لیے دروازے یا رکاوٹیں لگی ہوتی ہیں۔ جب ان ڈیمز کے دروازے کھولے جاتے ہیں تو پانی بہت قوت کے ساتھ ٹربائن کے پہیوں پر گرتا ہے۔ جس سے ٹربائن چلتی ہے اور بجلی پیدا ہوتی ہے۔

۵۔ توانائی کے استعمالات کی فہرست بنائیں۔

ہم توانائی کو درج ذیل کاموں میں استعمال کرتے ہیں۔

☆ کھانا پکانے کے لیے
☆ سردیوں میں پانی گرم کرنے کے لیے
☆ اپنے گھروں، کام کرنے کی جگہوں اور دوسری عمارات کو روشن کرنے کے لیے
☆ ٹیلی ویژن، فون، گیمز، کار وغیرہ کو توانائی دینے کے لیے
☆ کمپیوٹر اور دوسری برقی مصنوعات کو چلانے کے لیے
☆ ذرائع آمدورفت کو چلانے کے لیے لیے

۶۔ درج ذیل اشیا توانائی سے چلتی ہیں۔ ان کو درکار توانائی کس ذریعے سے حاصل ہوتی ہے؟

پٹرول یا تیل

پٹرول، تیل یا کوئلہ

بجلی

ہوا

پٹرول

# سبق ۶

## وسائل اور ان کی اقسام

۳۔ درست جواب کا انتخاب کریں۔

۱۔ قدرتی

۲۔ انسانی

۳۔ سرمائے

۴۔ خالی جگہ پر کریں۔

۱۔ خریدار

۳۔ معاشی انتخاب

۴۔ قلت

۵۔ فروخت کنندہ

۵۔ درج ذیل سوالات کے جوابات اپنی کاپی میں لکھیں۔

۱۔ قدرتی وسائل۔ وہ وسائل جو قدرت ہمیں فراہم کرتی ہے اور ہمارے اردگرد پائے جاتے ہیں قدرتی وسائل کہلاتے ہیں۔ ان وسائل میں زمین، پانی، ہوا، پہاڑ، جنگلات اور معدنیات وغیرہ شامل ہیں۔

۲۔ سرمائے کے وسائل: ایسی انسانی اشیا جو مزید دولت کا ذریع بنیں سرمائے کے وسائل کہلاتی ہیں۔ مثلا: مشینیں، ٹرک، گاڑیاں، ڈیم، کمپیوٹر اور کارخانے وغیرہ۔ کسی بھی ملک کی خوشحالی اور ترقی کے لیے سرمائے کے وسائل اہم کردار ادا کرتے ہیں کیوں کہ ان سے نہ صرف لوگوں کو روزگار ملتا ہے بلکہ ملکی انتظامات چلانے کے لیے سرمایہ بھی حاصل ہوتا ہے۔

۳۔ اشیا (مالِ تجارت):

ہمیں روزمرہ زندگی میں گزارنے کے لیے بہت سی اشیا کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہ تمام اشیا قدرتی اور مادی وسائل کی پیداوار ہوتی ہیں۔ یہ تمام اشیا مادی ہوتی ہیں اور مالِ تجارت کہلاتی ہیں۔ مثلاً: انڈے، گندم، کپاس، کپڑے وغیرہ۔

خدمات:

ہمارے اردگرد مختلف لوگ ایک دوسرے کے لیے مختلف کام سرانجام دیتے ہیں، انھیں خدمات کہا جاتا ہے۔ مثلاً: درزی ہمارے کپڑے سیتا ہے۔ جو شخص اشیا یا خدمات فروخت کرتا ہے اسے فروخت کنندہ کہتے ہیں اور جو شخص اشیا یا خدمات خریدتا ہے، اُسے خریدار کہتے ہیں۔

۴۔ قلت:

قلت اس صورت حال کو کہتے ہیں جس میں وسائل اور اشیا لوگوں کی ضروریات پوری کرنے کے لیے ناکافی ہوں۔ مثلا: ہمارے ملک میں اکثر پٹرول، آٹے اور چینی کی قلت ہو جاتی ہے۔

۵۔ معاشی انتخاب:

وسائل کے محدود ہونے کی وجہ سے لوگ وہ تمام اشیا نہیں خرید پاتے جن کو خریدنے کی وہ خواہش رکھتے ہیں۔ ایسی صورت حال میں وہ متبادل اشیا خرید کر اپنی ضروریات پوری کرتے ہیں۔ اس کو معاشی انتخاب کہتے ہیں۔ مثلا: بجلی مہنگی ہونے کی وجہ سے اے سی کی جگہ پنکھے کا استعمال کرنا، پٹرول مہنگے ہونے کی صورت میں موٹر سائیکل کی جگہ سائیکل کا استعمال کرنا۔

# سبق ۷ قدرتی وسائل کا تحفظ

## مشق

۱۔ ساتھیوں سے بات کر کے نیچے دیے گئے جدول کو مکمل کریں۔

| وسائل | محفوظ کرنے کے طریقے |
|---|---|
| پانی | ۱۔ پانی کو آلودہ ہونے سے بچایا جائے۔<br>۲۔ پانی کا استعمال سوچ سمجھ کر کیا جائے۔ |
| جنگلات | ۱۔ جنگلات کی کٹائی کو روکا جائے۔<br>۲۔ نئے جنگلات اُگائے جائیں ۔لوگوں کو آگاہی دی جائے۔ |
| ہوا | ۱۔ ہوا میں زہریلی گیس کی آمیزش کو روکا جائے۔<br>۲۔ فصلوں کی کٹائی کے بعد بچے ہوئے مواد کو جلانے سے روکا جائے۔ |
| | |

۲۔ آپ کے خیال میں کیا ہوگا اگر:

ا۔ قدرتی گیس ختم ہو جائے: انسان ٹھنڈ کا مقابلہ نہیں کر سکے گا۔

۲۔ معدنیات ختم ہوجائیں: ہم بہت سی چیزیں نہیں بنا سکیں گئے۔

۳۔ جنگلات ختم ہو جائیں : ہوا گندی ہو جائے گی اور جا نور ختم ہو جائیں گئے۔

۳۔ درست انتخاب کے گرد دائرہ لگائیں ۔

ا۔ کاربن ڈائی آکسائیڈ

۲۔ 101 بلین

۳۔ مارخور

۴۔ 3 بلین

۵۔ دریائے سندھ میں

۴۔ آلودگی کی اقسام کا تصوری نقشہ مکمل کریں ۔

| | |
|---|---|
| ہوا کی آلودگی<br>فیکٹریوں ، کارخانوں اور ذرائع آمدورفت سے نکلنے والا دھواں اس کا سبب ہے۔ | پانی کی آلودگی<br>فیکٹریوں سے نکلنے والا زہریلا مواد اس کا سبب ہے۔ |
| زمینی آلودگی<br>کچرے کا بے دریغ پھیلاؤ۔ | شور کی آلودگی<br>ذرائع آمدورفت کا شور ، میوزک کا بے ہنگم شور۔ |

۵۔ درج ذیل سوالات کے جوابات اپنی کاپی میں لکھیں۔

ا۔ انسانی سرگرمیوں کی وجہ سے قدرتی وسائل ضائع ہو رہے ہیں ۔ماحول میں ہر طرح کی آلودگی بڑھ رہی ہے جس کی وجہ سے جان داروں کی زندگیاں متاثر ہو رہی ہیں۔

۲۔ ماحول میں موجود نقصان دہ مواد جو تبدیلی کا باعث بنتا ہے اسے آلودگی کہتے ہیں۔

آلودگی کی چار بنیادی اقسام ہیں: ہوائی آلودگی ۔ زمینی آلودگی ۔ آبی آلودگی ۔شور کی آلودگی

۳۔ درج ذیل طریقوں سے قدرتی وسائل کو بچایا جا سکتا ہے۔

- ان چیزوں کو نہ خریدا جائے جو آپ کے استعمال میں نہ ہو یا جن کی آپ کو ضرورت نہیں ہے۔
- خریداری کے وقت کپڑے کے تھیلے استعمال کریں۔
- کپڑے کے بنے ہوئے رومال اور تولیے استعمال کریں ۔

- سائیکل اور عوامی ٹرانسپورٹ کا استعمال کریں ۔
- فالتو روشنیوں کو بند رکھیں ، پانی کے نلکے اور ائیر کنڈ یشنز استعمال کے بعد بند کر دیں ۔
- جب ضرورت ہو تبھی لان اور باغ کو پانی دیں۔
- برش کرتے وقت ، برتنوں کو دھوتے وقت اور ہاتھ دھوتے وقت نلکے کو بند کر دیں ۔۔
- کورا کرکٹ مناسب طریقے تلف کیا جائے۔

- بارش کے پانی کو جمع کرنے کے انتظامات کیے جائیں۔

۴۔ خطرات سے بچاؤ سے دوچار جانوروں کو بچانے کے طریقے

- ہمیں ان جانوروں کو بچانے کے لیے بہت سخت قانون بنانے چاہییں ۔
- غیر قانونی شکار کو روکنا چاہیئے۔ ب
- انھیں مناسب مسکن فراہم کرنا چاہیئے۔

۵۔ ایسے جانور جن کی نسل زمین پر ختم ہو گئی ہے ناپید جانور کہلاتے ہیں۔ مساکن کی تباہی اور جنگلات کا خاتمہ ان جانوروں کے ناپید ہونے کی بہت بڑی وجہ ہے۔کچھ ناپید جانوروں کی مثالیں درج ذیل ہیں:

۱۔ وائٹ ڈالفن ۲۔ ڈوڈو ۳۔ ایشیائی چیتا ۴۔ ڈائنو سار

۵۔ تسمانیہ کا ٹائگر

# سبق ۸ خوراک کا گروہ

## مشق

۳۔ خالی جگہ پر کریں۔

۱۔ اناج

۲۔ پھل اور سبزیاں

۳۔ گوشت خور

۵۔ سبزی خور

۴۔ درست فقرات کے سامنے (✓)اور غلط فقرات کے سامنے ( ✗ ) لگائیں۔

۱۔ ✓

۲۔ ✗

۳۔ ✗

۴۔ ✗

۵۔ ✓

۵۔ درج ذیل سوالات کے جوابات اپنی کاپی میں لکھیں ۔

۱۔ ہم جان دار ہیں اور جان داروں کو اپنی زندگی کے کام کاج کرنے کے لیے توانائی کی ضرورت ہوتی ہے ہم یہ توانائی خوراک سے حاصل کرتے ہیں اگر ہم خوراک نہیں کھائیں گے تو زندگی ناممکن ہو جائیں گی۔

۲۔ پودے اپنی خوراک سورج کی روشنی کی موجودگی میں خود تیار کرتے ہیں اس لیے انھیں پروڈیوسر کہا جاتا ہے۔

۳۔ اس گروہ میں مرغی ، مچھلی اور گوشت شامل ہیں۔ اس گروہ سے ہمیں پروٹین اور آئرن جیسی نمکیات حاصل ہوتی ہیں ۔ پروٹین ہمارے خراب خلیوں کو دوبارہ ٹھیک کرنے اور ہمارے پٹھوں کو دوبارہ بنانے میں بھی مدد گار ثابت ہوتی ہے۔

۴۔ فائبر ہماری خوراک کا بہت اہم جزو ہے ۔ یہ خوراک کو معدے سے نکلنے میں مدد یتا ہے۔ اور قبض سے روکتا ہے ۔

۵۔ سارے دن میں ہم جو خوراک کھاتے ہیں اس کو غذا کہتے ہیں۔ متوازن غذا اُسے کہتے ہیں جس میں خوراک کے تمام بنیادی اجزاء مناسب مقدار میں شامل ہوں اور جن کی ہمارے جسم کو ضرورت ہوں۔

یہ خوراک کے غذائی اجزا ہمیں توانائی پہنچانے کے ساتھ ساتھ بیماریوں کے خلاف قوت مدافعت، نئے خلیے بنانے ، زخموں کو بھرنے، کھیلنے اور کام کرنے میں مدد دیتے ہیں۔

۶۔ باقاعدگی سے ورزش کرنے سے جسم مضبوط اور صحت مند رہتا ہے۔ اور انسان بیماریوں سے محفوظ رہتا ہے۔ درج ذیل ورزشیں بچوں کے لیے اہم ہیں:

- سائیکل چلانا
- تیراکی کرنا
- مختلف کھیل کھیلنا مثلا: فٹ بال ، باسکٹ بال اور ہاکی وغیرہ

ٹیلی وژن ، ویڈیو گیم، اور کمپیوٹر پر بہت زیادہ وقت گزارا صحت کے لیے نقصان دہ ہے۔

۶۔ درست جواب کو منتخب کر کے لکھیں ۔

۱۔ iv

۲۔ iv

۳۔ iii

۷۔ درج ذیل فہرست میں ہر کھانے کے گروہ کے سامنے پانچ مثالیں دیں۔

| کھانے کا گروپ | مثالیں |
|---|---|
| اناج | دالیں، چاول، مکئی، روٹی ، پاستا |
| پھل اور سبزیاں | انار، سیب، آلو، کدو، پالک |
| دودھ کی بنی اشیا | پنیر، مکھن، گھی، دہی |
| گوشت | مچھلی، گائے ، دنبے کا گوشت، مرغی کا گوشت ، بکرے کا گوشت |
| چکنائی ، تیل اور مٹھائی | کھانے کا تیل، کھانے کا گھی، گلاب جامن ، برفی، اندرسہ |

# سبق ۹ قائد اعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ

## مشق

۳۔ درست جواب کا انتخاب کریں ۔

۱۔ (ج)

۲۔ (ج)

۳۔ (ج)

۴۔ (ب)

۵۔ (ج)

۴۔ درج ذیل سوالات کے جوابات اپنی کاپی میں لکھیں ۔

۱۔

| قائد اعظم رحمۃ اللہ علیہ | میں |
|---|---|
| محنتی | الف۔ کبھی کبھی کام سے جی چراتا ہوں۔ |
| الف۔ ایمان دار | ب۔ ایمان داریوں |

| | |
|---|---|
| ب۔ ارادے کا پختہ | ج۔ وعدہ کر کے توڑ دیتا ہوں۔ |

۲۔ آپ کی محنتوں اور کوششوں سے برصغیر کے تمام مسلمان ایک پلیٹ فارم پر اکٹھے ہوئے اور بالآخر 14اگست1947 کو پاکستان معرض وجود میں آ گیا۔ آپ پاکستان کے پہلے گورنر جنرل بنے۔ آپ نے ملک کی بقا کے لیے ان تھک محنت کی۔

۳۔ آپ کا اصل نام محمد علی جناح تھا۔

۴۔ قائد اعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ ہمارے عظیم راہنما ہیں۔ آپ کا اصل نام محمد علی جناح تھا۔وہ پاکستان کے بانی ہیں۔ انھیں''بابائے قوم'' بھی کہا جاتا ہے۔

۵۔ آپ نے ایک ملک بنایا تاکہ مسلمان اسلام کے قوانین کے مطابق زندگی گزار سکیں۔

# سبق ۱۰ علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ

## مشق

۴۔ درست جواب کا انتخاب کریں۔

ا۔ (ج)

۲۔ (ا)

۳۔ (ب)

۴۔ (ا)

۵۔ (ج)

۵۔ علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ کے متعلق درج ذیل معلو مات فراہم کریں۔

| | |
|---|---|
| نام: | محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ |
| تاریخ پیدائش: | 9نومبر1977ء |
| پیدائش کا مقام: | سیالکوٹ |
| القاب: | سر |
| چندمشہو رنظموں کا نام : | ہمدردی ، ایک لکڑا اور مکھی، پرندے کی فریاد |
| تاریخ وفات: | 21اپریل1938ء |
| مزار : | لاہور |

۶۔ درج ذیل سوالات کے جواب دیں۔

۱۔ آپ نے اعلیٰ تعلیم انگلستان سے حاصل کی۔

۲۔ آپ کو سر کا خطاب حکومت برطانیہ نے دیا۔

۳۔ ہمدردی ، پرندے کی فریاد

۴۔ بانگ درا

۵۔ جرمن، انگریزی، چینی، اور جاپانی

۶۔ آپ نے اردو اور فارسی میں شاعری کی۔

# سبق ۱۱ ایجادات

## مشق

۴۔ درست جواب کا انتخاب کریں۔

۱۔ (ا)

۲۔ (ج)

۳۔ (ا)

۵۔ درج ذیل سوالات کے جوابات اپنی کاپی میں لکھیں۔

۱۔ ایجاد کا مطلب ہے کوئی نئی چیز بنانا یعنی زندگی کو آسان اور سہل بنانے کے لیے نئی چیزیں بنانا۔

۲۔ ایجادات سے ہمارا معاشرتی ڈھانچہ بدل جاتا ہے۔ ہماری زندگی آسان ہوجاتی ہے۔

۳۔ اگرچہ ایجادات نے ہماری زندگیوں کو آسان بن دیا ہے تاہم ان ایجادات کی وجہ سے بہت سے مسائل بھی پیدا ہوتے ہیں۔ جنھوں نے ہمارے ماحول کو برے طریقے سے متاثر کیا ہے۔ مثلاً: آلودگی کا مسئلہ۔

۴۔ ہوائی جہاز رائٹ برادرز نے ایجاد کیا۔

۵۔ دی گئی ایجادات کو ان کے موجد سے ملائیں۔

| ایجادات | موجد |
|---|---|
| ٹیلی ویژن | جان لوگی پیرڈ |
| ہوائی جہاز | رائٹ برادرز |
| سٹیم انجن | تھامس سیوری |

| | |
|---|---|
| کمپیوٹر | چارلس ببیج |

٦۔ دی گئی فہرست کو مکمل کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| کار | کمپیوٹر | ٹیلی ویژن |
| مائیکروسکوپ | انٹرنیٹ | کمپیوٹر |
| ٹیلی ویژن | ٹیلی ویژن | انٹرنیٹ |
| آگ بجھانے والا آلہ | حفاظتی کیمرے | |

# سبق ۱۲ بدلتی دنیا

## مشق

۵۔ درج ذیل سوالات کے جوابات اپنی کاپی میں لکھیں۔

ا۔ ای میل ، ٹیلی فون ، ااور موبائل نے دنیا کو بہت محدود کر دیا ہے۔ پل بھر میں ہم دنیا میں کئ بھی کسی سے بھی بات کر سکتے ہیں۔ذرائع ابلاغ کی وجہ سے ہم گلوبل سٹیزن بن چکے ہیں۔

۲۔ پرانے وقتوں میں سکول بہت سادہ اور محدود وسائل پر بنائے جاتے تھے۔لیکن آج سکول اور کالجز سہولیات سے مزین ہیں۔ اب سکول میں جدید ترین لیبارٹریاں ، سمارٹ کمرۂ جماعت اور کھیل کے میدان بھی ہیں۔

۳۔ ہوامیں اڑنے والی گاڑیاں تیار ہو چکی ہوں گی۔ انسان ہزاروں میل کا فاصلہ گھنٹے میں طے کرنے لگ جائے گا۔اسپتال اور سکول مزید جدید سہولیات سے آراستہ ہو جائیں گے۔

٦۔ کرونا وائرس نے ہماری دنیا کو کیسے بدل دیا ہے۔کوئی سے تین نکات لکھیں۔

ا۔ ہم صفائی کے معاملے میں زیادہ محتاط ہو گئے ہیں۔

ب۔ ہمارا اللہ تعالیٰ کی قدرت پر ایمان مزید پختہ ہو گیا ہے۔

ج۔ ہم سائنس کی ایجادات کے قائل ہو گئے ہیں۔

# سبق ۱۳ قوت اور مشینیں

## مشق

۴۔ خالی جگہ پر کریں۔

۱۔ چھے

۲۔ ڈھلوان سطح

۳۔ فانہ

۴۔ پیچ

۵۔ لیور

۶۔ پلی

۵۔ درج ذیل جدول میں ہر ایک کی تین تین مثالیں دیں۔

| ڈھلوان سطح | پہیا اور دھرہ | لیور | پُلی |
|---|---|---|---|
| سیڑھی | ٹانگے | کسنی | کار گو لفٹر |
| سلائیڈ | ریڑھے | کریکر | لفٹ |
| ڈھلوان سطحیں | چھکڑے | ہاتھ کی ٹوکری | کنواں |

۶۔ درج ذیل پہیلیوں کو مکمل کریں۔

۱۔ مشین

۲۔ فانہ

۱۔ دھرہ

۲۔ مرکب مشین

۷۔ درست فقرات کے سامنے (✓)اور غلط فقرات کے سامنے ( × ) لگائیں۔

۱۔ ×

۲۔ ✓

۳۔ ✓

۹۔ درج ذیل سوالات کے جواب دیں۔

۱۔ سادہ مشین ایک ایسا آلہ ہے جو لگائی جانے والی قوت کو تبدیل کے کام آسان بنا دے۔ چھ سادہ مشینیں لیور، پلی، پہیا اور دھرہ، فانہ، پیچ، اور ڈھلوان سطح ہیں۔

۲۔ سادہ مشینیں بھاری بھر کم وزن کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے میں مدد دیتی ہیں۔ یہ ہمارے وقت اور توانائی کو بچاتی ہیں اس کے ساتھ ساتھ ہمارے کام کو بھی آسان بناتی ہیں۔ مثلا: ایک مالی کو روز اپنی

11

کیاریاں میں سے جڑی بوٹیاں نکالنا ہوتی ہیں ۔وہ ان کو نکالنے کے لیے اپنے ہاتھ کا بھی استعمال کر سکتا ہے لیکن اگر وہ بیلچہ یا لیور کا استعمال کر لے تو اس کا کام کم قوت کے ساتھ زیادہ تیزی سے ہوسکتا ہے۔ڈھلوان سطحیں ٹرکوں پر فرنیچر ڈالنے میں مدد گار ثابت ہوتی ہیں ۔ لوگ چیزوں کو اٹھانے کی بجائے پہیوں پر چلا کر ڈھلوان سطح سے گزارتے ہوئے ٹرکوں میں لے جاتے ہیں۔

۳۔ پُلی

پلی کی مدد سے بھاری چیزوں کو ایک رسی کے ساتھ کھینچ کر اوپر اٹھایا جاتا ہے لفٹ ، کنواں اور کارگو لفٹر پلی کی بہترین مثالیں ہیں۔

لیور

یہ مشین کم قوت کے ساتھ بھاری مشینوں کو حرکت دینے میں مدد دیتی ہے۔ لیور کی مثالوں میں کسنی ، ہاتھ کی ٹوکری ،سٹیلر اور بادام توڑنے والا اوزارشامل ہیں۔

پہیا اور دُھرہ

دُھرہ ایک سلاخ ہوتی ہے جس کو پہیے کی مدد سے گزارا جاتا ہے ۔ جو اس کو گھمانے میں مدد دیتا ہے ۔ پہیا اور دُھرہ مل کر ایک سادہ مشین کا کام کرتے ہیں۔

۴۔ جب مختلف سادہ مشینوں کو آپس میں جوڑا جاتا ہے تو یہ ایک مرکب یا پیچیدہ مشین بنا لیتے ہیں۔

# سبق ۱۴ حکومت اور شہریوں کا کردار

## مشق

۴۔ درست فقرات کے سامنے (✓)اور غلط فقرات کے سامنے ( ✗ ) لگائیں۔

۱۔ ✓

۲۔ ✓

۳۔ ✗

۴۔ ✓

۵ درج ذیل سوالات کے جوابات اپنی کاپی میں لکھیں۔

۱۔ جب معاشرے کے افراد مل جل کر ایک دوسرے کا ہاتھ بٹائیں اور اپنے مسائل حل کریں تو اچھا معاشرہ بنتا ہے۔

۲۔ ایک اچھا شہری اپنے معاشرے کے افراد کے ساتھ محبت کے ساتھ پیش آتا ہے ۔ ایک اچھے شہری میں محبت ، ایثار ، مساوات ، رحم دلی اور انصاف پسندی جیسی خوبیوں کا ہونا ضروری ہے۔ ایک دوسرے سے محبت کرنا اور ایک دوسرے کی عزت کرنا ہر شہری پر لازم ہے۔

۳۔ معاشرے میں لوگوں کی ترقی اور بھلائی کے بہت سے ایسے کام ہوتے ہیں جنھیں معاشرے کے افراد اپنے طور پر نہیں کر سکتے ۔ان کاموں کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لیے لوگ حکومت بناتے ہیں۔

حکومت کی بنیادی ذمہ داریاں درج ذیل ہیں:

| | |
|---|---|
| تعلیم کی سہولت مہیا کرنا (سکول اور کالج بنانا) | صحت کی سہولیات مہیا کرنا (ہسپتال) |
| لوگوں کی جان ومال کی حفاظت کرنا | سڑکیں اور پُل وغیرہ تعمیر کرنا |
| شہریوں کو صاف پانی فراہم کرنا | شہریوں کو انصاف مہیا کرنا |

۴۔ جی ہاں! حقوق و فرائض ایک دوسرے پر منحصر ہیں۔ اگر ہم چاہتے ہیں کہ ہم اچھے ماحول میں زندگی گزاریں تو ہمارا یہ فرض ہے کہ ہم بھی ماحول کو صاف رکھیں۔

۵۔ معاشرے میں لوگوں کی ترقی اور بھلائی کے بہت سے ایسے کام ہوتے ہیں جنھیں معاشرے کے افراد اپنے طور پر نہیں کر سکتے ۔ان کاموں کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لیے لوگ حکومت بناتے ہیں۔

# سبق ۱۵ اختلاف رائے اور ہمارا رویہ

## مشق

۴۔ درج ذیل سوالات کے جوابات اپنی کاپی میں لکھیں ۔

۱۔ ہم روز مرہ معاملات میں اکثر دیکھتے ہیں کہ کسی ایک معاملے پر لوگوں کی رائے مختلف ہوتی ہیں ۔وہ کسی ایک بات پر متفق نہیں ہوتے ۔اسے اختلاف کہتے ہیں۔

۲۔ مسئلے کی پہچان

مسئلہ کیا ہے؟ اس کی کیا اہمیت ہے؟

مسئلے کے حل کی تشخیص

کیا ہمارا لائحہ عمل کامیاب ہوا؟ اب آگے کیا ہو گا؟

مسئلے کا جائزہ

یہ مسئلہ کیوں پیدا ہوا؟

منصوبے کو عملی جامہ پہنانا۔

کیا آپ جو کہتے ہیں وہ کرتے ہیں ؟ آپ کیسے جانتے ہیں؟

مسئلے کے حل کے لیے عملی قدم

ہمیں اس مسئلے کے بارے میں کیا کرنا چاہیئے؟

۳۔ معاشرے کا امن وسکون قائم رکھنے کے لیے ضروری ہے کہ اختلاف کو جلد سے جلد حل کیا جائے ۔چاہے وہ گھر کے افراد کے ساتھ ہوں، سکول میں ہم جماعتوں کے ساتھ یا دوستوں کے ساتھ ۔ جب تک مسئلہ حل نہیں ہو جاتا ہم تکلیف میں رہتے ہیں۔

۴۔ اختلاف رائے کی بہت سی وجوہات ہوسکتی ہیں۔مثلاً

غلط فہمی: بعض اوقات جو کہا یا سنا جاتا ہے اس کا مطلب غلط لے لیا جاتا ہے یا پھر غلط سمجھا جاتا ہے اسے غلط فہمی کہتے ہیں جو تنازع کی وجہ بن سکتا ہے۔

مذاق اڑانا: بعض اوقات مذاق میں کہی گئی بات کو سنجیدہ لے لیا جاتا ہے جس کی وجہ سے لوگ ایک دوسرے سے ناراض ہو جاتے ہیں۔

خود غرضی: بعض اوقات لوگ خود غرضی کا مظاہرہ کرتے ہیں اور صرف اپنے فائدے کے بارے میں سوچتے ہیں وہ بالکل پرواہ نہیں کرتے کہ اس سے کس کا کیا نقصان ہوا ہے۔

# سبق ۱۶ حفاظتی تدابیر اور بچاؤ

## مشق

۳۔ آپ کے حفاظتی حصار کے پانچ لوگ کون ہیں؟

استاد بھائی بہن ماں باپ دادا/دادی نانا/نانی

۴۔ ہم قدرتی آفات سے کیسے محفوظ رہ سکتے ہیں؟ دیے گئے جدول میں تین تین حفاظتی تراکیب لکھیں۔

| زلزلے | سیلاب |
|---|---|
| زلزلہ آنے کی صورت میں سب سے پہلے تو کوشش کریں کی عمارت سے باہر آجائیں ۔عمارت میں پھنس گئے تو درج ذیل طریقے کارآمد ہیں۔ | بجلی کے تمام کنکشن بند کر دیں۔ |

| | |
|---|---|
| نیچے بیٹھنا<br>ڈھانپنا | کھانے پینے کی چیزیں محفوظ کر لیں۔ |
| پکڑنا | بہت زیادہ سیلاب کی صورت میں جگہ چھوڑ دیں۔ |